© rasailojaraid.com

ڈاکٹر حمید اللہ نے اس پر جو مقدمہ تحریر کیا، وہ جمع و تدوین حدیث کے باب میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اس میں انھوں نے مستند شواہد و دلائل سے ثابت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کی جمع و تدوین کا کام خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ ہی میں شروع ہو گیا تھا اور بہت سے ممتاز صحابہ احادیث کو ضبطِ کتابت میں لے آئے تھے، جن میں حضرت جابر بن عبداللہ، حضرت ابوبکر صدیق، حضرت علی حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ، حضرت سعد بن ابی عبیدہ، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت ابوہریرہ، حضرت مغیرہ بن شعبہ، حضرت ابوبکرہ، حضرت عائشہ صدیقہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اسمائے گرامی خصوصیت سے لائق تذکرہ ہیں۔

اب یہی کتاب یعنی "صحیفہ ہمام بن منبہ" ملک سنز کارخانہ بازار، فیصل آباد نے شائع کی ہے۔ اس پر پاکستان کے نامور اہلِ علم پروفیسر غلام احمد حریری نے دیباچہ رقم کیا ہے جو اس موضوع سے متعلق بہت سی معلومات پر مشتمل ہے۔

## نقوشِ سیرت

**مصنف** : پروفیسر مولانا علم الدین سالک مرحوم

**مرتب** : پروفیسر احسان الٰہی سالک

**ناشر** : کتب خانہ انجمن حمایت اسلام، ریلوے روڈ، لاہور۔

کتابت، طباعت، کاغذ، جلد شاندار

**صفحات** ۲۳۴ قیمت ۴۰ روپے

پروفیسر مولانا علم الدین سالک مرحوم متعدد حیثیتوں سے ہماری قابلِ قدر متاع تھے۔ ان کی تمام عمر درس و تدریس میں گزری اور سینتیس سال (۱۹۶۶ء تک) انجمن حمایتِ اسلام (لاہور) کے قائم کردہ اسلامیہ کالج سے وابستہ رہے۔ ان کے شاگردوں کی تعداد بہت وسیع ہے اور یہ حضرات مختلف علمی و تدریسی خدمات میں مشغول ہیں۔ مولانا مرحوم ممتاز اہلِ قلم بھی تھے۔ انھوں نے کئی کتابیں تصنیف کیں اور رسائل و جرائد میں بے شمار مضامین لکھے۔ ان کی تازہ کتاب جو ان کے صاحب زادۂ گرامی قدر پروفیسر احسان الٰہی سالک نے مرتب کی ہے، "نقوشِ سیرت" کے نام سے اس وقت پیشِ نگاہ ہے۔ یہ کتاب



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے متعلق ہے۔ یہ ان کے مضامین و مقالات کا مجموعہ ہے، جو انھوں نے ۱۹۲۰ء سے اپنی زندگی کے آخری دور ۱۹۷۳ء تک تحریر کیے۔ یہ کل سولہ مقالات ہیں جن میں بعض ملک کے اخباروں اور رسالوں میں طبع ہو چکے تھے اور بعض ن کی غیر مطبوعہ تقریریں تھیں۔ ان مقالات و تقریرات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ کے مختلف پہلوؤں کی وضاحت کی گئی ہے۔ ان کے عنوانات یہ ہیں: (۱) رحمۃ للعالمین کا عزم و ستقلال (۲) مساوات کا پیغمبر (۳) معراج النبی کی یادگار (۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سفرِ ہجرت (۵) تاریخ مسجد نبوی (۶) بیت النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام (۷) رسول اللہ اور روزہ (۸) ...خ عظیم (۹) مجبور دشمنوں پر رسول اللہ کی شفقت (۱۰) سراقہ بن مالک بن جعشم کا قبولِ اسلام ...) شکر گزاری — سیرتِ طیبہ کا ایک درخشندہ پہلو (۱۲) فتح مکہ — عہد رسالت کا ایک بے مثال ...نعہ (۱۳) سیرتِ رسول کی روشنی میں اتحاد و تنظیم (۱۴) محمد صلی اللہ علیہ وسلم — بانیٔ عظمتِ انسانی ...۱) سیرت ہادیٔ عالم اور اسلام کی دعوتِ انقلاب (۱۶) مردِ مومن تاریخ کے آئینے میں۔

پروفیسر مولانا علم الدین سالک کے لائق فرزند پروفیسر احسان الٰہی سالک نے سیرت النبی کے متعلق اپنے مرحوم کے افکار و مقالات کو مرتب کر کے اور انجمن حمایتِ اسلام نے اسے معرضِ اشاعت میں لا کر موضوع میں قارئین کو ایک نئی چیز سے روشناس کرایا ہے۔ انجمن حمایت اسلام کے صدر میاں ...لدین نے اس کا تعارف سپردِ قلم کیا ہے۔ کلیم اختر صاحب چیئرمین نشر و تالیف کمیٹی انجمن حمایتِ ...م نے افتتاحیہ اور پروفیسر ڈاکٹر یار محمد خاں نے دیباچہ لکھا ہے۔ پیش لفظ میں پروفیسر احسان الٰہی ...سنے مرحوم کی علمی سرگرمیوں اور زیرِ نظر کتاب کے مندرجات کے بارے میں چند امور کی وضاحت کی ہے۔

## ...نگاری

...ف : شفیق جالندھری

ناشر : علمی کتب خانہ، کبیر سٹریٹ، اردو بازار۔ لاہور

عمدہ کتابت، بہترین طباعت، اچھا کاغذ، دیدہ زیب سرورق۔ صفحات ۵۰۰۔ قیمت پچاس روپے

پروفیسر شفیق جالندھری ۱۹۷۱ء سے پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ صحافت سے منسلک ہیں اور کالم نویسی،



© rasailojaraid.com